UK Health Security Agency

NHS

# پیشاب کی نالی کے انفیکشن (UTIs): علامات کو پہچانیے

## معمر افراد کے لیے معلومات

# UTI کیا ہے؟

**پیشاب کی نالی کے انفیکشن (UTIs)** آپ کے **نظامِ اخراجِ بول (Urinary Tract)** کو متاثر کرتے ہیں، جس میں مثانہ، پیشاب کی نالی (یوریتھرا) یا گردے شامل ہیں۔ بعض اوقات UTI ایک شدید انفیکشن کی شکل اختیار کر سکتا ہے، جس کے نتیجے میں آپ بہت زیادہ بیمار ہو سکتے ہیں اور آپ کو ہسپتال جانے کی ضرورت پیش آ سکتی ہے۔

## UTI کی صورت میں آپ کو درج ذیل علامات کا سامنا ہو سکتا ہے :

- **پیشاب میں خون آنا۔**
- **رویّے میں تبدیلیاں،** مثلاً بے چینی، اضطراب یا الجھن (ڈیلیریم) کا شکار ہونا۔
  یہ UTI کی علامت ہو سکتی ہے، لیکن اس کی دیگر وجوہات بھی ہو سکتی ہیں جنہیں خارج کرنا ضروری ہے۔
- **انفیکشن کی عمومی علامات،** جیسے بخار،، جسم کا درجہ حرارت زیادہ ہونا، یا گرم محسوس ہونا اور کپکپی کے ساتھ کانپنا (شدید لرزہ) یا سردی لگنا۔
- **جسم کا درجہ حرارت بہت کم ہونا**
  36°C سے کم درجہ حرارت۔

- **معمول سے زیادہ بار بار پیشاب آنے کی ضرورت محسوس ہونا۔**
  اچانک یا معمول سے زیادہ فوری طور پر پیشاب آنے کی حاجت محسوس ہونا۔
- **پیشاب کرتے وقت درد یا جلن** محسوس ہونا۔
- **رات کے وقت معمول سے** زیادہ بار پیشاب کے لیے اٹھنا۔
- پیٹ کے نچلے حصے میں **نیا درد ہونا۔**
- **پیشاب پر قابو نہ رہنا یا** معمول سے زیادہ بار **کپڑے یا بستر گیلا ہو جانا۔**
- **گردوں میں درد یا کمر** کے نچلے **حصے میں درد ہونا۔**

اگر آپ کو پیشاب کی کیتھیٹر (Urinary Catheter) لگی ہوئی ہے تو ممکن ہے کہ ان علامات میں سے کم علامات ظاہر ہوں۔

## اگر آپ کو لگتا ہے کہ آپ کو UTI ہے تو آپ کو کیا کرنا چاہیے؟

**کسی صحت کے پیشہ ور سے رابطہ کریں۔**
یہ آپ کے **جی پی (GP)، نرس، کمیونٹی فارماسسٹ، واک اِن سینٹر (Walk-in Centre)** یا **NHS 111** سروس میں سے کوئی بھی ہو سکتا ہے۔

اس بات کو یقینی بنائیں کہ آپ پانی کی کمی (ڈی ہائیڈریشن) سے بچنے کے لیے **باقاعدگی سے مناسب مقدار میں سیال پی رہے ہیں۔**